رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7 پرچہ: پانچواں مضمون: الدعوۃ والإرشاد

تاریخ: 27-01-2026 دن: منگل کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: ختم نبوت کی کوئی ایک حکمت بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2: علم الدعوۃ اور نیکی کی دعوت میں آپ نے کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 3: نیکی کی دعوت کے کتنے مقاصد ہیں؟

سوال نمبر 4: مبلغ کے اوصاف میں سے کوئی سے تین اوصاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: مدعو کی بیان کردہ جملہ اقسام کا خاکہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: انبیاء کرام کے پانچ اوصاف بیان کیجیے۔

سوال نمبر 7: عقیدہ آخرت کی اہمیت بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8: صفات باری تعالی کے حوالے سے اسلامی نظریہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: مرنے کے بعد اٹھائے جانے پر دو عقلی دلیلیں بیان کیجیے۔

سوال نمبر 10: حضرت ہود علیہ السلام اور حضرت شعیب علیہ السلام کی قومیں کن خرابیوں میں مبتلا تھیں؟

سوال نمبر 11: سابقہ امتوں کی نماز اور روزے کی کیا کیفیت تھی؟

سوال نمبر 12: ارکان حج اور شرائط اعتکاف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: حضرت نوح علیہ السلام کو آدم ثانی کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 14: حضرت نوح علیہ السلام نے کتنا عرصہ نیکی کی دعوت دی اور کتنے لوگ مشرف با ایمان ہوئے؟

سوال نمبر 15: موضوع اور مرکزی خیال کا باہمی کیا ربط ہے؟

سوال نمبر 16: درس قران اور تقریر میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 17: معاشرے میں رائج رسم و رواج کے حوالے سے مبلغ کے لیے کیا اصول ہیں؟

سوال نمبر 18: مبلغ کو کن چیزوں کی مشق کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر 19: مدرس کے پیش نظر کیا مقاصد ہونے چاہیے؟

سوال نمبر 20: تفسیر بالرائے سے کیا مراد ہے اور اس کا کیا حکم ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: وجود صانع اور توحید کے دلائل پر اپنے خیالات تفصیلاً بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2: بنو ہاشم کے سوشل بائیکاٹ پر تفصیلی بحث کیجیے۔

سوال نمبر 3: انتخاب موضوع کے کتنے اور کون کون سے اصول بتائے گئے ہیں؟ تفصیلاً نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 4: مکتوبی بیان کے اصول و فوائد مفصلا تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 5: آیات کی تفسیر میں کن چیزوں سے مدد لی جاسکتی ہے تفصیل سے بیان کیجیے۔

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الدعوۃ والإرشاد**

تاریخ: **27-01-2026** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقنش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: علم الدعوۃ کی بنیادی تعریف کیا ہے؟

(الف) اسلام کی تاریخ جاننا (ب) نیکی کی دعوت کا علم (ج) اخلاق کی درستی (د) سیاسی نظام

سوال نمبر 2: علم الدعوۃ کا مقصد کیا ہے؟

(الف) مال و دولت جمع کرنا (ب) فسادات پھیلانا (ج) نیکی کا پیغام پہنچانا (د) حکومت قائم کرنا

سوال نمبر 3: علم الدعوۃ کن کے لیے لازم ہے؟

(الف) صرف علماء (ب) جو دین کی دعوت دینا چاہے (ج) صرف سیاست دان (د) فوج

سوال نمبر 4: علم الدعوۃ کی غرض وغایت کیا ہے؟

(الف) دنیاوی طاقت بڑھانا (ب) دعوت کو آسان بنانا (ج) نئے قوانین بنانا (د) معاشی ترقی

سوال نمبر 5: علم الدعوۃ کا اصل مرکز کون ہے؟

(الف) داعی / مبلغ (ب) مخاطبین (ج) سیاسی نظام (د) مال و دولت

سوال نمبر 6: دعوتِ دین کے بنیادی ارکان کتنے ہیں؟

(الف) تین (ب) چار (ج) دو (د) پانچ

سوال نمبر 7: دعوتِ دین کا تیسرا رکن کیا ہے؟

(الف) ذریعہ / وسیلہ (ب) مبلغ (ج) پیغام (د) معاشرہ

سوال نمبر 8: دعوت پھیلانے کے مؤثر ذرائع کیا ہیں؟

(الف) طاقت کا استعمال (ب) نرمی و حکمت (ج) سختی و جبر (د) صرف قتال

سوال نمبر 9: ذرائع کے انتخاب میں مبلغ کو کیا ملحوظ رکھنا چاہیے؟

(الف) مدعو کی طبیعت (ب) کسی کی پرواہ نہ کرنا (ج) صرف اپنی رائے (د) حکومتی حکم

سوال نمبر 10: مبلغ کی اہم خصلت کیا ہے؟

(الف) سخت لہجہ (ب) نرم خوئی (ج) جلد غصہ (د) دولت پسندی

سوال نمبر 11: مبلغ کو سب سے زیادہ بھروسہ کس پر رکھنا چاہیے؟

(الف) اپنی قوت (ب) دولت (ج) اللہ پر (د) دنیاوی طاقت

سوال نمبر 12: دعوتِ دین کا بنیادی تقاضا کیا ہے؟

(الف) علم کا حصول (ب) جاہ و حشمت (ج) دشمنی (د) سازش

سوال نمبر 13: دعوت میں سب سے اہم چیز کیا ہے؟

(الف) زبردستی (ب) ثابت قدمی (ج) طاقت کا استعمال (د) لاپرواہی

سوال نمبر14: انبیاءِ کرام کی دعوت کی اصل بنیاد کیا ہے؟

(الف) مادی فائدہ (ب) اللہ کی توحید (ج) جنگ (د) سیاست

سوال نمبر15: تمام انبیاء کی دعوت میں بنیادی وحدت کیا ہے؟

(الف) مختلف نظریات (ب) ذاتی مفاد (ج) دعوتِ توحید (د) سیاسی اتحاد

سوال نمبر16: انبیاء کرام کا اندازِ دعوت کیا تھا؟

(الف) زبردستی (ب) نرمی و حکمت (ج) قتال (د) سختی

سوال نمبر17: انبیاء کی دعوت میں کس خصلت کو مرکزی حیثیت ہے؟

(الف) جلد بازی (ب) ثابت قدمی (ج) قہر (د) مایوسی

سوال نمبر18: حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے عرصہ دعوت دی؟

(الف) 100 سال (ب) 250 سال (ج) 950 سال (د) 500 سال

سوال نمبر19: رسولِ اکرم ﷺ کے منہجِ دعوت کا نمایاں پہلو کیا ہے؟

(الف) سختی (ب) فوری انقلاب (ج) تدریج (د) جنگ

سوال نمبر20: تدریج سے کیا مراد ہے؟

(الف) جلدی کرنا (ب) مرحلہ وار بڑھنا (ج) رک جانا (د) پیچھے ہٹنا

سوال نمبر21: ابتدائی مرحلے میں کتنے مرد و عورت اسلام لائے؟

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 40 (د) 70

سوال نمبر22: دعوت کے پہلے دور کو کیا کہا جاتا ہے؟

(الف) شِعبِ ابی طالب (ب) بیعتِ عقبہ (ج) مرحلۂ ارقمیہ (د) ہجرتِ مدینہ

سوال نمبر23: دعوت میں "حکمت" سے کیا مراد ہے؟

(الف) سخت تنقید (ب) موقع و محل کی مناسبت (ج) کثیر بیان (د) خاموشی

سوال نمبر24: داعی کی نیت کا درست معیار کیا ہے؟

(الف) شہرت (ب) جماعت بڑھانا (ج) اخلاصِ للہ (د) فتحِ مناظرہ

سوال نمبر25: دعوتی پیغام میں اولویت کا اصول کیا ہے؟

(الف) فروع پہلے (ب) عادات پہلے (ج) عقیدہ و توحید پہلے (د) سیاست پہلے

رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ** کنزالمدارس بورڈ	KANZ-UL-MADARIS BOARD
جوابی کاپی نمبر: _____	درجہ: **کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **العقیدۃ** تاریخ: **24-01-2026** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**	

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: عقل کی کوئی سی دو تعریفات بیان کیجئے؟
سوال نمبر 2: اہل سنت اور معتزلہ کے نزدیک عقل کی مقدار کیا ہے؟
سوال نمبر 3: اہل سنت کے نزدیک عقل کے متفاوت ہونے پر کیا دلیل ہے؟
سوال نمبر 4: جب عقل کمال درجے کی ہو تو احکام کی نفاذ کی کیا کیفیت ہو گی؟
سوال نمبر 5: معتزلہ اور عام علماء کے نزدیک مستحسنات عقل کیا ہیں؟
سوال نمبر 6: اگر نبی کی عقل کے زوال کو جائز مانا جائے تو اس سے کیا کیا خرابیاں پیدا ہوں گی؟
سوال نمبر 7: ثابت کیجئے کہ عقل معرفت کا ذریعہ ہے؟
سوال نمبر 8: اللہ تعالی نے جو انسان کو عقل دی ہے وہ ربوبیت کو پہچاننے کے لیے دی ہے یا عبودیت کو پہچاننے کیلئے دی ہے؟
سوال نمبر 9: جن، شیاطین اور انسانوں کے درمیان افضلیت بیان کیجئے؟
سوال نمبر 10: حسن لعینہ اور حسن لغیرہ کی تعریف بیان کیجئے؟
سوال نمبر 11: العلیم کس کو کہتے ہیں؟
سوال نمبر 12: وحی اور الہام میں کیا فرق ہے؟
سوال نمبر 13: وحی کی سب سے بڑی دلیل کیا ہے؟
سوال نمبر 14: محسوسات کی کتنی قسمیں ہیں؟
سوال نمبر 15: کائنات کس چیز کی دلیل ہے؟
سوال نمبر 16: اسماء الحسنیٰ کیا ہیں؟
سوال نمبر 17: وحی کسے کہتے ہیں؟
سوال نمبر 18: حواس خمسہ کے نام لکھئے۔
سوال نمبر 19: محدث کسے کہتے ہیں؟
سوال نمبر 20: روح کے بارے میں مسلمانوں کا عقیدہ کیا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: فلاسفہ کے اس نظریے کی وضاحت کیجئے کہ حس جسم میں ایک لطیف جوہر ہے۔ ابو شکور سالمی نے اس دعوے کی تردید کن دلائل کے ذریعے کی؟ ان دلائل کو مثالوں سمیت بیان کیجئے۔
سوال نمبر 2: ابو شکور السالمی کے نزدیک روح، عقل اور جسم کے باہمی تعلق کو وضاحت سے بیان کیجئے۔ ساتھ ہی یہ بھی لکھئے کہ بچے کی پیدائش، جنین کی حالت، اور دیوانگی کی مثالوں سے انہوں نے عقل کی حقیقت پر کیا استدلال پیش کیا؟
سوال نمبر 3: علم کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟ نیز علم ضروری اور علم استدلالی کسے کہتے ہیں؟ اور ان کے درمیان فرق کو بیان کیجئے۔
سوال نمبر 4: ابو شکور السالمی رحمہ اللہ نے خبر متواتر اور خبر واحد کے بارے میں کیا فرق بیان کیا ہے؟ ان کی روشنی میں عقائدِ اسلامی کی صحت پر ان خبروں کے اثرات کو واضح کیجئے۔
سوال نمبر 5: اللہ تعالیٰ کی صفات میں اہل سنت وجماعت اور معتزلہ کے نزدیک فضل وعدل کسے کہتے ہیں؟ نیز اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو کن چار چیزوں سے خالص کیا؟

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7 پرچہ: تیسرا مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 24-01-2026 دن: ہفتہ کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: فلاسفہ کے نزدیک عقل کی حقیقت کیا ہے؟

(الف) مذہبی حکم کا مطالعہ (ب) تصور سے کلیت اخذ کرنے کی قوت

(ج) شرعی احکام پر عمل (د) معاشرتی معیار

سوال نمبر 2: اہلِ فلسفہ کی تعریفِ عقل میں کیا شامل ہے؟

(الف) فطرت کا شعور (ب) محسوسات سے عمومات اخذ کرنا (ج) شرعی دلائل فہم (د) روحانی عرفان

سوال نمبر 3: عقل کی مقدار کے بارے میں اہلِ سنت اور معتزلہ میں کیا فرق ہے؟

(الف) معتزلہ عقل ناکافی (ب) اہلِ سنت عقل مکمل

(ج) معتزلہ عقل سے احکام ثابت کرتے ہیں (د) کوئی فرق نہیں

سوال نمبر 4: معتزلہ عقل کے مساوات پر کس دلیل کو پیش کرتے ہیں؟

(الف) عقل سے سب ثابت (ب) اگر عقل کفر / ظلم کو برا نہ کہے تو شرع بے معنی

(ج) عقل میں فرق نہیں (د) عقل و وحی متضاد

سوال نمبر 5: اہلِ سنت کے نزدیک عقل مختلف ہونے کی دلیل کیا ہے؟

(الف) ہر عقل پر قرآن نازل (ب) سب اچھے فیصلے (ج) علمی اختلاف ظاہر (د) عقل مشترک

سوال نمبر 6: انبیاء علیہم السلام کی عقل کیسی ہوتی ہے؟

(الف) ناقص (ب) جزوی (ج) کامل و محفوظ (د) وحی پر موقوف

سوال نمبر 7: جب عقل کمال کو پہنچ جائے تو کیا لازم ہوتا ہے؟

(الف) احکام ساقط (ب) احکام لازم (ج) گناہ سے پاک (د) گواہی مردود

سوال نمبر 8: عقل کے فوائد میں کیا شامل ہے؟

(الف) فطرت و اخلاق کی پہچان (ب) شرعی نافرمانی (ج) احکام سے انحراف (د) تقدیر کا انکار

سوال نمبر 9: عقل کے زوال پر کیا حکم ہوتا ہے؟

(الف) سب حکم باطل (ب) فرائض معاف (ج) واجبات بڑھتے (د) اختیارات محدود

سوال نمبر 10: امامِ اعظم کے نزدیک عدیم العقل شخص کا حکم؟

(الف) قصاص لازم (ب) عمر بھر ذمہ دار (ج) قصاص و عبادات سے بری (د) کفالت متثنیٰ

سوال نمبر 11: انبیاء و فرشتوں کے بارے میں عقل و عصمت کا حکم؟

(الف) انبیاء کی عقل زائل (ب) فرشتوں سے خطا عام (ج) دونوں محفوظ (د) دونوں پر قصاص

سوال نمبر12: انبیاء کی بلوغت سے پہلے عقل کا معیار؟

(الف) غیر معقول (ب) جزوی فطری (ج) مکمل (د) لامعقول

سوال نمبر13: نبی کی عقل کے زوال کو جائز ماننے والا کیا شمار ہو گا؟

(الف) مستثنیٰ (ب) اہلِ ایمان (ج) کافر (د) مستند عالم

سوال نمبر14: نبی کی عقل کے زوال کو جائز مان لینے کا نتیجہ؟

(الف) شریعت مستحکم (ب) ایمان متزلزل (ج) اختلاف ختم (د) اتحاد پیدا

سوال نمبر15: عقل معرفت کا ذریعہ کیوں؟

(الف) وحی ہی واحد ذریعہ (ب) عقل محسوسات سے اضافہ کرتی ہے

(ج) فقط نفس کا علم (د) صرف نقل

سوال نمبر16: عقل دلیل کا آلہ کیسے ہے؟

(الف) فطرت کو فریب دیتی (ب) قیاس و استدلال سے حقیقت تک

(ج) بلا دلیل مکمل (د) شک پیدا کرتی

سوال نمبر17: عقل عطا کرنے کا مقصد کیا ہے؟

(الف) ربوبیت کی پہچان (ب) عبادت و تعلم (ج) دونوں (د) صرف دنیاوی کامیابی

سوال نمبر18: کیا عقل حجت ہے؟

(الف) معتزلہ کے نزدیک نہیں (ب) اہلِ سنت کے نزدیک محدود (ج) دونوں کے نزدیک نہیں (د) اہلِ سنت کے نزدیک مطلق

سوال نمبر19: قاتل پر قصاص / دیت کی بنیادی وجہ کیا ہے؟

(الف) اجتماعی انصاف (ب) ذاتی انتقام (ج) محض رسم (د) جبر تقدیر

سوال نمبر20: ابو شکور سالمی کے نزدیک علم کا پہلا ذریعہ؟

(الف) حواس (ب) قیاس (ج) وہم (د) وجدانی کیفیت

سوال نمبر21: "عاقل اگر خدا کو نہ پہچانے" کا مفہوم کیا ہے؟

(الف) کوئی حساب نہیں (ب) معذور نہیں؛ احکام پابند (ج) فوراً کافر (د) بحث لازم نہیں

سوال نمبر22: کفار کے بچوں کا آخرت میں حکم کیا ہے؟

(الف) یقینی دوزخ (ب) یقینی جنت

(ج) قطعاً معلوم نہیں؛ رحمتِ الٰہی میں (د) فقہا پر موقوف

سوال نمبر23: افضلیت کے باب میں اہلِ سنت کا اصول کیا ہے؟

(الف) فرشتے افضل (ب) انبیاء افضل (ج) فرشتے ادنیٰ (د) انسان عام افضل

سوال نمبر24: "معلوم" کسے کہا جاتا ہے؟

(الف) خواب کا (ب) منقول (ج) پسندیدہ (د) عقل و تجربہ سے معلوم

سوال نمبر25: "محسوس" کسے کہتے ہیں؟

(الف) ذہنی خیال (ب) حواسِ خمسہ سے حاصل (ج) کتابی (د) محض قیاسی

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: حدود کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: زنا سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 3: ثبوت زنا کے لیے کتنے مردوں کی گواہی قابل قبول ہو گی؟

سوال نمبر 4: محصن سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: زنا کے گواہوں کے رجوع کرنے کی تین صورتیں کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر 6: بیمار اور حاملہ عورت پر حد رجم کب لگائی جائے گی؟

سوال نمبر 7: وہ کون سی صورت ہے کہ عورت سے وطی کرنے کے باوجود حد واجب نہ ہو گی؟

سوال نمبر 8: علم فرائض سے کیا مراد ہے۔ اس کی غرض وغایت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: علم فرائض کے کتنے ارکان ہیں نیز اس کی شرائط بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: وراثت کے کتنے اسباب ہیں؟

سوال نمبر 11: احادیث میں علم الفرائض کو نصف علم کہا گیا ہے اس کی وجہ تسمیہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: ترکہ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: ترکہ کے متعلق چار حقوق کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 14: وہ کون کونسے افراد ہیں جو وراثت سے محروم ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 15: عورتوں میں وارث ہونے والوں کی تعداد کتنی ہے؟ نام لکھئے۔

سوال نمبر 16: قران پاک میں وراثت کے حوالے سے مقرر کردہ حصوں کی تعداد کتنی ہے نام لکھئے۔

سوال نمبر 17: وہ کون سے دو ورثاء ہیں جن کو چوتھائی حصہ ملتا ہے شرط بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: عورت اپنے شوہر اور والدین کو چھوڑ کر فوت ہوئی تو ترکہ کیسے تقسیم ہو گا؟

سوال نمبر 19: مرد اپنی بیوی اور والدین کو چھوڑ کر فوت ہوا تو ترکہ کیسے تقسیم ہو گا؟

سوال نمبر 20: جد صحیح اور جدہ صحیحہ کب وراثت سے محروم ہوں گے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: اگر زنا گواہی سے ثابت ہو تو رجم کا طریقہ بیان کیجئے۔ نیز اگر زنا مجرم کے اقرار سے ثابت ہو تو رجم کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: لواطت کے بارے میں مختصرا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: وہ کون سے پانچ ورثاء ہیں جن کو نصف حصہ ملتا ہے شرائط بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: وہ کون سے دو افراد ہیں جن کو 3/1 حصہ ملتا ہے؟ نیز وہ کون سے سات افراد ہیں جن کو 6/1 حصہ ملے گا؟

سوال نمبر 5: وہ کون سے چھ افراد ہیں جو وراثت سے کبھی محروم نہیں ہوتے؟

رول نمبر: _____

دستخط اُمیدوار: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7 پرچہ: چوتھا مضمون: الفقہ

تاریخ: 26-01-2026 دن: پیر کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: اسلامی قانون میں "حد" سے کیا مراد ہے؟

(الف) حکومت کی سزا (ب) قاضی کی صوابدید (ج) قرآن وسنت سے مقرر سزا (د) مالی جرمانہ

سوال نمبر 2: حدِ زنا کے ثبوت کے لیے گواہوں کی کم از کم تعداد کیا ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: شادی شدہ زانی کی شرعی سزا کیا ہے؟

(الف) قید (ب) جلاوطنی (ج) رجم (د) کوڑے

سوال نمبر 4: غیر شادی شدہ زانی کی شرعی سزا کیا ہے؟

(الف) قتل (ب) جلاوطنی (ج) سو کوڑے (د) جرمانہ

سوال نمبر 5: حدِ قذف کا اطلاق کس صورت میں ہوتا ہے؟

(الف) چوری پر (ب) جھوٹی تہمتِ زنا پر (ج) قتل پر (د) شراب نوشی پر

سوال نمبر 6: حدِ سرقہ کب نافذ ہوتی ہے؟

(الف) ہر چوری پر (ب) کسی بھی چیز پر (ج) مخصوص شرائط پوری ہونے پر (د) محض شک پر

سوال نمبر 7: چوری پر ہاتھ کب کاٹا جاتا ہے؟

(الف) ہر چوری پر (ب) جب مالِ محفوظ ہو اور نصاب پورا ہو

(ج) جب گواہ موجود ہوں (د) جب قاضی چاہے

سوال نمبر 8: حدِ سرقہ کے نصاب کی کم از کم قدر کیا مانی جاتی ہے؟

(الف) 1 درہم (ب) 10 درہم (ج) 1 دینار (د) 5 دینار

سوال نمبر 9: زنا پر حد کب ساقط ہو سکتی ہے؟

(الف) قاضی معاف کرے تو (ب) گواہوں میں اختلاف ہو تو (ج) مجرم راضی ہو تو (د) قاضی چاہے تو

سوال نمبر 10: شراب نوشی پر حد کیا مقرر ہے؟

(الف) 40 کوڑے (ب) 80 کوڑے (ج) 100 کوڑے (د) قید

سوال نمبر 11: شراب نوشی کے ثبوت کے لیے کیا کافی ہے؟

(الف) صرف اعتراف (ب) صرف گواہ (ج) اقرار یا گواہی میں سے ایک (د) کچھ ضروری نہیں

سوال نمبر 12: قذف کے گواہ کتنے ہونے چاہئیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 1

سوال نمبر13: حد کے نفاذ کی ذمہ داری کس پر ہے؟

(الف) حکومت (ب) مجمع (ج) قاضی (د) گواہ

سوال نمبر14: حدِ زنا کے نفاذ میں عورت و مرد کی مساوات کا حکم کیا ہے؟

(الف) برابر نہیں (ب) صرف مرد پر (ج) صرف عورت پر (د) شرائط برابر ہوں تو مساوات

سوال نمبر15: جس پر حدِ قذف لگ جائے اس کی شہادت کا کیا حکم ہے؟

(الف) قابلِ قبول (ب) مردود (ج) مجبوری میں قابل (د) صرف عدالت میں

سوال نمبر16: حدِ قذف کن پر نافذ ہوتی ہے؟

(الف) بچے (ب) غیر عاقل (ج) عاقل بالغ مسلمان (د) جانور

سوال نمبر17: شراب نوشی کے ثبوت میں کتنے گواہ درکار ہوتے ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 1 (د) 4

سوال نمبر18: حدِ زنا کے لیے فریقین میں کون سی عمومی شرط لازم ہے؟

(الف) عمر (ب) نکاح (ج) عقل و بلوغ (د) لباس

سوال نمبر19: "حد" اور "تعزیر" میں بنیادی فرق کیا ہے؟

(الف) حد مقرر، تعزیر غیر مقرر (ب) دونوں برابر (ج) تعزیر قرآن سے ثابت (د) حد فرد کے اختیار میں

سوال نمبر20: شرعی حد کب معطل ہو جاتی ہے؟

(الف) قاضی معاف کرے تو (ب) مجرم گواہ لائے تو (ج) شبہ کی صورت میں (د) سزا مکمل ہو جائے تو

سوال نمبر21: حدِ زنا کے لیے کون سا ثبوت کافی نہیں سمجھا جاتا؟

(الف) چار مرد گواہ (ب) خود کا اقرار (ج) شرعی شہادت (د) طبی رپورٹ

سوال نمبر22: حدِ سرقہ کے لیے مسروقہ مال کہاں سے لیا جانا شرط ہے؟

(الف) بازار (ب) غیر محفوظ جگہ (ج) محفوظ حرز سے (د) راستے سے

سوال نمبر23: اگر قذف کرنے والا شرعی گواہ پیش کر دے تو کیا حکم ہے؟

(الف) گناہ معاف (ب) سزا نصف (ج) توبہ لازم (د) حدِ قذف ساقط

سوال نمبر24: حدودِ شرعیہ کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(الف) سزا دینا (ب) انتقام لینا (ج) خوف پیدا کرنا (د) معاشرتی امن و عدل

سوال نمبر25: زنا کا اقرار کرنے والا قاضی کے سامنے رجوع کر لے تو کیا اثر ہوتا ہے؟

(الف) حد بہر حال نافذ (ب) حد ساقط، تعزیر ممکن (ج) گواہ لازم (د) قاضی معاف نہیں کر سکتا

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7 | پرچہ: دوسرا | مضمون: الحدیث

تاریخ: 22-01-2026 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: نبی ﷺ نے کس دو خاص سورتوں کو "سورۃ النورین" کہا جو قیامت کے دن روشنی بنیں گی؟

سوال نمبر 2: ہر فرض نماز کے بعد ایت الکرسی پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 3: سود کی کتنی اقسام صحیح مسلم میں ذکر ہوئی ہیں؟

سوال نمبر 4: بیع الغرر کیا ہے، اور نبی ﷺ نے کیوں منع فرمایا؟

سوال نمبر 5: دو یا دو سے زیادہ بیٹیوں کو وراثت میں کیا ملتا ہے؟

سوال نمبر 6: اگر مرنے والے کے والدین اور بچے ہوں، تو باپ کو کیا ملے گا؟

سوال نمبر 7: ایک مسلمان پر جہاد فرض ہونے کی شرائط کیا ہیں؟

سوال نمبر 8: جیش اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 9: تمہارے ناموں سے اللہ تعالی کے نزدیک سب سے زیادہ نام پسندیدہ کون سے ہیں؟

سوال نمبر 10: جب کسی کے گھر جائیں تو اجازت کے بارے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کا کیا فرمان ہے؟

سوال نمبر 11: ایک مجلس میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت سلام کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 12: حدیث کے مطابق تین بار سلام کیوں کیا گیا؟

سوال نمبر 13: نبی ﷺ نے کامل ایمان کے لیے کون سی صفت لازمی قرار دی جو دل اور زبان دونوں سے تعلق رکھتی ہے؟

سوال نمبر 14: رسول ﷺ نے تواضع (انکساری) اور تکبر کے فرق کو کیسے واضح کیا؟

سوال نمبر 15: اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ سے کس قدر خوش ہوتا ہے؟

سوال نمبر 16: کیا نیکی کی نیت کے ساتھ ہجرت اور توبہ کرنے سے زندگی بدل سکتی ہے؟

سوال نمبر 17: قیامت کے دن سب سے قریب اللہ کے عرش کے سائے میں کون ہو گا؟

سوال نمبر 18: دوزخ میں اکثریت کن لوگوں کی ہو گی؟

سوال نمبر 19: جنت کے سب سے ادنیٰ درجے کے شخص کو اللہ تعالیٰ کیا انعام عطا فرمائے گا؟

سوال نمبر 20: جنتی لباس کیسا ہو گا؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے اور اس پر عمل کرنے والے کے مقام و مرتبہ کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ تفصیلاً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے کیا فضیلت بیان فرمائی ہے؟ مفصل نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر 3: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سود (ربا) کی حرمت کے متعلق صحیح مسلم کی کون سی حدیث ہے، اور سود لینے، دینے اور لکھنے والے کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟ تفصیلاً لکھئے۔

سوال نمبر 4: رسول اللہ ﷺ نے اچھے اخلاق (حسنِ خلق) کی کیا اہمیت بیان فرمائی، اور اس کے امت پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 5: والدین کے ساتھ حسنِ سلوک (برّ الوالدین) کی اہمیت اسلام میں کیا ہے؟ اور رسول اللہ ﷺ نے کس عمل کو سب سے افضل قرار دیا؟ تفصیلا لکھئے۔

رول نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7 | پرچہ: دوسرا | مضمون: الحدیث

تاریخ: 22-01-2026 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ | دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ | دستخط مقنش: _____

دستخط اُمیدوار: _____

KANZ-UL-MADARIS BOARD

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قرآن مجید کس پر نازل ہوا؟

(الف) حضرت موسیٰ (ب) حضرت عیسیٰ (ج) حضرت محمد ﷺ (د) حضرت ابراہیم علیہم السلام

سوال نمبر 2: قرآن مجید کا سب سے بڑا سورہ کون سا ہے؟

(الف) سورہ یٰسین (ب) سورہ آل عمران (ج) سورہ توبہ (د) سورہ بقرہ

سوال نمبر 3: قرآن کا دل کس سورہ کو کہا گیا ہے؟

(الف) سورہ یٰسین (ب) سورہ اخلاص (ج) سورہ فاتحہ (د) سورہ الناس

سوال نمبر 4: تم میں سب سے بہتر کون ہے؟

(الف) جو زیادہ نماز پڑھے (ب) جو زیادہ روزے رکھے (ج) جو قرآن سیکھے اور سکھائے (د) جو حج کرے

سوال نمبر 5: کس سورہ کی تلاوت سے شیطان بھاگ جاتا ہے؟

(الف) سورہ فلق (ب) سورہ بقرہ (ج) سورہ کوثر (د) سورہ کافرون

سوال نمبر 6: قرآن مجید کتنے پاروں پر مشتمل ہے؟

(الف) 30 (ب) 25 (ج) 27 (د) 29

سوال نمبر 7: قرآن کریم کو کس فرشتہ کے ذریعے نازل کیا گیا؟

(الف) میکائیل (ب) اسرافیل (ج) جبرائیل (د) عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر 8: قرآن کا پہلا نزول کہاں ہوا؟

(الف) مکہ (ب) مدینہ (ج) غارِ حرا (د) غارِ ثور

سوال نمبر 9: نبی ﷺ قرآن کیسے بیان فرماتے تھے؟

(الف) جلدی جلدی (ب) آہستہ اور صاف (ج) گنگنا کر (د) یاد سے

سوال نمبر 10: قرآن کریم کے سب سے چھوٹے سورہ کا نام کیا ہے؟

(الف) سورہ فاتحہ (ب) سورہ العصر (ج) سورہ کوثر (د) سورہ الکہف

سوال نمبر 11: قرآن کی آخری سورہ کون سی ہے؟

(الف) سورہ فلق (ب) سورہ الناس (ج) سورہ توحید (د) سورہ فاتحہ

سوال نمبر 12: سورہ فاتحہ کا لقب کیا ہے؟

(الف) ام القرآن (ب) الفرقان (ج) الرحیم (د) الناس

سوال نمبر 13: قرآن کی کل سورتیں کتنی ہیں؟

(الف) 113 (ب) 114 (ج) 115 (د) 112

سوال نمبر14: آیت الکرسی کس سورہ میں ہے؟

(الف)سورہ نساء (ب)سورہ بقرہ (ج)سورہ توبہ (د)سورہ آل عمران

سوال نمبر15: قرآن کن لوگوں کے لیے ہدایت ہے؟

(الف)کافروں کے لیے (ب)عالموں کے لیے (ج)متقیوں کے لیے (د)عربوں کے لیے

سوال نمبر16: قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ کس نے لیا؟

(الف)انسان (ب)علماء (ج)فرشتے (د)اللہ تعالیٰ

سوال نمبر17: قرآن مجید کا دوسرا نام کیا ہے؟

(الف)الکتاب (ب)النور (ج)الفرقان (د)یہ تمام

سوال نمبر18: سورہ اخلاص پڑھنے کا ثواب کس کے برابر ہے؟

(الف)ایک پارہ (ب)پورا قرآن (ج)1/3 قرآن (د)آدھا قرآن

سوال نمبر19: قرآن میں سب سے زیادہ ذکر کس نبی کا ہے؟

(الف)حضرت عیسیٰ (ب)حضرت ابراہیم (ج)حضرت موسیٰ (د)حضرت یوسف علیہم السلام

سوال نمبر20: قرآن کریم کس مہینے میں نازل ہوا؟

(الف)محرم (ب)رجب (ج)رمضان (د)شوال

سوال نمبر21: قرآن کتنے سالوں میں نازل ہوا؟

(الف)10 (ب)23 (ج)15 (د)30

سوال نمبر22: قرآن کو نہ سمجھنے والوں کی مثال کس جیسی بیان ہوئی؟

(الف)جانوروں (ب)پتھروں (ج)بہروں اور گونگوں (د)اندھوں

سوال نمبر23: قرآن کو جھٹلانے والے کا انجام کیا بتایا گیا؟

(الف)فقر (ب)عذابِ قبر (ج)لعنت (د)جہنم

سوال نمبر24: قرآن پڑھنا کس چیز کا ذریعہ ہے؟

(الف)علم (ب)فہم (ج)شفا (د)نفع

سوال نمبر25: نبی ﷺ کی کس شکایت کا ذکر آیا؟

(الف)وہ منافق ہیں (ب)وہ بدبخت ہیں (ج)میری قوم نے قرآن چھوڑ دیا (د)ان پر لعنت ہے

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: جب لوگوں نے مرد مومن کو شہید کر دیا تو اللہ پاک نے اس کو کیا اجر عطا فرمایا؟

سوال نمبر 2: جو لوگ دوبارہ زندہ کیے جانے کا انکار کرتے ہیں اللہ تعالی نے ان کے لیے کیا دلیل بیان کی ہے؟

سوال نمبر 3: رب المشارق میں جمع کا صیغہ استعمال کیا گیا اس کی مفسرین کیا توضیح بیان کی ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں جو تسبیح پڑھی وہ لکھئے اور اس کی فضیلت بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: سورج چاند دن اور رات میں اللہ تعالی کی قدرت کی کیا نشانیاں بیان کی گئی ہیں؟

سوال نمبر 6: سورۃ زمر میں قران پاک کے چار اوصاف جو بیان کیے گئے ہیں وہ کون سے ہیں؟

سوال نمبر 7: قیامت والے دن کن لوگوں کے منہ کالے ہوں گے؟

سوال نمبر 8: قرب قیامت میں دوسری بار صور پھونکنے کے بعد کیا صورتحال ہو گی؟

سوال نمبر 9: تعالی نے سات آسمانوں کو کتنے دنوں میں پیدا فرمایا اور انہیں کیا احکام صادر فرمائے؟

سوال نمبر 10: اللہ تعالی نے قران کریم کو عربی زبان میں کس وجہ سے نازل فرمایا؟

سوال نمبر 11: فضائل قران بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: حافظ قران کی فضیلت حدیث پاک میں کیا بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 13: جب لفظ "عبد" کی نسبت اللہ کی طرف ہو یا بندے کی طرف ہو تو اس کے کیا معنی ہوں گے؟

سوال نمبر 14: خلق کو اللہ کی طرف منسوب کرنا یا بندے کی طرف منسوب کرنا دونوں میں کیا فرق ہو گا؟

سوال نمبر 15: وہ کون سے علوم ہیں جن کی مفسر کو حاجت ہوتی ہے کوئی سے پانچ علوم لکھئے۔

سوال نمبر 16: وہ کون سے امور ہیں جن کے بغیر ترجمہ نہیں کیا جا سکتا کوئی سے تین لکھئے؟

سوال نمبر 17: تاویل کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجئے نیز تفسیر اور تاویل میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 18: وحی کے ثبوت کے لیے نبوت کیوں ضروری ہے۔

سوال نمبر 19: کوئی سے پانچ رموز اوقاف لکھئے۔

سوال نمبر 20: حضری اور سفری آیات سے کیا مراد ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کو کیا خوشخبری دی ہے؟ ہجرت، طاعت، اور صبر کے تعلق سے قرآن مجید نے کون سے اصول بیان فرمائے ہیں؟ سورہ الزمر کی آیات کے شان نزول کی روشنی میں وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: سورہ مؤمن کے تعارف، نام کی وجہ تسمیہ اور فضائل کے حوالے سے تفصیلی مضمون لکھئے۔

سوال نمبر 3: قرآن مجید نے زکوۃ نہ دینے اور آخرت کے انکار کو مشرکین کی صفات میں کیوں ذکر کیا؟ اس تناظر میں مسلمانوں کے لیے کیا تنبیہ ہے؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔ سورہ حم السجدہ کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: فن قرات کے وہ کون سے سات امام ہیں جو پوری دنیا میں مشہور ہوئے۔ نام لکھئے۔

سوال نمبر 5: مکان اور زمان کے اعتبار سے نزول قران کی کتنی قسمیں ہیں؟ نام لکھئے۔

رول نمبر: _____

سالانہ امتحان 2026ء/1447ھ

کنزالمدارس بورڈ

درجہ: کلیۃ الشریعۃ سمسٹر 7 پرچہ: پہلا مضمون: التفسیر وعلومہ

تاریخ: 21-01-2026 دن: بدھ کل وقت: 30 منٹ کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: _____ دستخط نگران امتحانی سنٹر: _____ دستخط مقتش: _____

دستخط اُمیدوار: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قرآن کو سورۃ یٰسین میں کس صفت سے یاد کیا گیا ہے؟

(الف) ذکرِ حکیم (ب) کتابِ مبین (ج) نور (د) فرقان

سوال نمبر 2: سورۃ یٰسین میں انسان کی پیدائش کس سے بتائی گئی؟

(الف) مٹی (ب) آگ (ج) نطفہ (د) دھواں

سوال نمبر 3: تین رسولوں کو کس بستی میں بھیجا گیا؟

(الف) مدین (ب) نینویٰ (ج) انطاکیہ (د) یثرب

سوال نمبر 4: جو شخص دوڑ کر قوم کو نصیحت کرنے آیا، اسے کس وصف سے پکارا گیا؟

(الف) غیور (ب) مخلص (ج) مؤمن (د) زاہد

سوال نمبر 5: "اے آگ! ٹھنڈی ہو جا" کس نبی کے واقعے میں آیا؟

(الف) حضرت موسیٰ (ب) حضرت یوسف (ج) حضرت ابراہیم (د) حضرت داؤد علیہم السلام

سوال نمبر 6: سورۃ یٰسین میں کون سی قدرتی چیز "آیت" کہلائی؟

(الف) ہوا (ب) پہاڑ (ج) رات (د) بارش

سوال نمبر 7: سورۃ یٰسین میں قدرت کی نشانی کے طور پر کیا ذکر ہے؟

(الف) بارش برسانا (ب) اناج اُگانا (ج) پرندے اُڑانا (د) ہوائیں چلانا

سوال نمبر 8: "کون زندہ کرے گا ہڈیوں کو جب وہ ریزہ ریزہ ہوں؟" یہ قول کس کا ہے؟

(الف) مؤمن (ب) مشرک (ج) نبی (د) فرشتہ

سوال نمبر 9: سورۃ یٰسین کے مطابق "صور" پھونکنے والا کون ہے؟

(الف) جبرائیل (ب) اسرافیل (ج) میکائیل (د) عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر 10: سورۃ الصافات میں "صف بستہ کھڑے رہنے والے" کون ہیں؟

(الف) مجاہدین (ب) علما (ج) فرشتے (د) شہداء

سوال نمبر 11: "قربانی کے لیے پیش کیے گئے بیٹے" کا واقعہ کس سے متعلق ہے؟

(الف) حضرت یوسف (ب) حضرت یعقوب (ج) حضرت اسماعیل (د) حضرت اسحاق علیہم السلام

سوال نمبر 12: سورۃ الصافات میں شیاطین کو کس چیز سے مارا جاتا ہے؟

(الف) پتھر (ب) آسمانی آگ (ج) ہوا (د) بجلی

سوال نمبر 13: سورۃ ص میں حضرت داؤد کو کس صفت سے نوازا گیا؟

(الف) حکمت و فیصلہ (ب) حسن (ج) قوتِ بیان (د) شجاعت

سوال نمبر14: قرآن سب سے پہلے کس پر نازل ہوا؟

(الف)حضرت موسیٰ (ب)حضرت عیسیٰ (ج)حضرت ابراہیم علیہم السلام (د)حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر15: قرآن کے علوم کی جامع کتاب کا نام کیا ہے؟

(الف)زبدۃ الاتقان (ب)احکام القرآن (ج)اصول الفقہ (د)صحاحِ ستہ

سوال نمبر16: "تفسیر" کا بنیادی معنی کیا ہے؟

(الف)چھپانا (ب)ظاہر کرنا (ج)مٹانا (د)بدلنا

سوال نمبر17: مکی سورتوں میں کس موضوع پر زیادہ زور ہے؟

(الف)جہاد (ب)حدود (ج)عقائد (د)زکوٰۃ

سوال نمبر18: قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری کس نے لی؟

(الف)انسان (ب)فرشتے (ج)اللہ تعالیٰ (د)علما

سوال نمبر19: قرآن کو بغیر سمجھے پڑھنا کیسا ہے؟

(الف)جائز نہیں (ب)کافی نہیں (ج)افضل (د)ممنوع

سوال نمبر20: تفسیر بالرائے سے مراد کیا ہے؟

(الف)قرآن کی تلاوت (ب)من مانی تشریح (ج)تجوید (د)حدیث پڑھنا

سوال نمبر21: ترجمہ کرتے وقت سب سے اہم شرط کیا ہے؟

(الف)مشکل زبان (ب)سلیس زبان (ج)عربی ہی رہے (د)لغت چھوڑ دینا

سوال نمبر22: پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

(الف)طائف (ب)مدینہ (ج)غارِ حرا (د)بدر

سوال نمبر23: تفسیرِ قرآن کے اصول بنیادی طور پر کس علم سے مربوط ہیں؟

(الف)لغت (ب)ریاضی (ج)طب (د)فلسفہ

سوال نمبر24: قرآن کی سب سے طویل سورت کون سی ہے؟

(الف)آلِ عمران (ب)نساء (ج)یونس (د)بقرہ

سوال نمبر25: اصولِ تفسیر کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(الف)غلط فہمی پیدا کرنا (ب)قواعد بدلنا (ج)درست معنی سمجھنا (د)ترجمہ روک دینا